# پیغام

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایک فاصلاتی یونیورسٹی ہے جس کا دائرہ کار محدود ہے نہ مخصوص۔اس کی تعلیمی سہولتیں اپنے تدریسی فلسفے "تعلیم لوگوں کی دہلیز پر" کی تکمیل میں اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ یہ یونیورسٹی نہ صرف عمومی تعلیم مہیا کررہی ہے بلکہ مختلف صنعتوں کی ضرورت کے مطابق افرادی قوت تیار کرکے پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ماہرین تعلیم اور صنعت کاروں کی باہم مشاورت سے ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (کامرس) مرتب کیا ہے تاکہ پیشہ ورانہ تربیت کی حامل افرادی قوت صنعتوں کے لئے تیار کی جائے۔اس پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد طلبہ ہوٹل انڈسٹری، سیروسیاحت، ہسپتال، بینک اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں ملازمت حاصل کرکے اپنی خدمات سرانجام دے سکیں گے۔

میں آپ کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام اِن کامرس میں خوش آمدید کہتا ہوں اور آپ کے بہتر مستقبل کے لئے دعا گو ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

# فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینٹیز

یہ فیکلٹی 1981ء میں قائم کی گئی اور یونیورسٹی کی سب سے بڑی فیکلٹی میں شمار ہوتی ہے اس فیکلٹی میں پندرہ شعبہ جات ہیں جو کہ میٹرک سطح سے لے کر پی ایچ ڈی تک تعلیم مہیا کرتے ہیں۔

فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینٹیز نے حکومتی پالیسی کے تحت ملک میں اعلیٰ تعلیم کے لیے دوررس نتائج کے حامل اقدامات اٹھائے ہیں۔فیکلٹی نے عمومی تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی و مہارتی تعلیمی پروگرام بھی پیش کیے ہیں۔اس فیکلٹی نے اعلیٰ تعلیمی معیار برقرار رکھنے اور زیادہ شرح داخلہ کی وجہ سے بہت شہرت پائی ہے۔

اس فیکلٹی میں مندرجہ ذیل شعبہ جات شامل ہیں۔

1- کامرس
2- بزنس ایڈمنسٹریشن
3- اکنامکس
4- انگلش لینگوئج اینڈ اپلائیڈ لینگویسٹکس
5- ہسٹری
6- اقبال سٹڈیز
7- لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز
8- ماس کمیونیکیشن
9- پاکستان اسٹڈیز
10- پاکستانی لینگویجز
11- سوشیالوجی،سوشل ورک اینڈ پاپولیشن سٹڈیز
12- اردو
13- جینڈر اینڈ ومن سٹڈیز
14- کامن ویلتھ MBA/MPA پروگرام
15- فرنچ آن لائن پروگرام

## ڈیپارٹمنٹ آف کامرس

کامرس ڈیپارٹمنٹ کا شمار یونیورسٹی کے ابتدائی شعبہ جات میں ہوتا ہے۔ یہ شعبہ یونیورسٹی کے ابتداء کے ایک سال بعد 1975ء میں ''صنعتی تعلیم'' کے نام سے قائم کیا گیا۔ 10 جولائی 1984ء کو اس شعبہ سے بزنس مینجمنٹ کے نام سے ایک نئے شعبہ کا اجراء کیا گیا اور اس شعبے کو'' کامرس ڈیپارٹمنٹ'' کا نام دیا گیا۔

یہ شعبہ مختلف تعلیمی پروگرامز سے پاکستان کے تعلیمی اور صنعتی وفنی شعبے کی خدمت کر رہا ہے۔اس ڈیپارٹمنٹ سے بہت سے ہونہار طلبہ نے تعلیم حاصل کی اور ملک کی خدمت کار میں مصروف عمل ہیں۔اس ڈیپارٹمنٹ نے قومی تعلیمی پالیسی اور یونیورسٹی پالیسی کے مطابق پروگرام تیار کیے ہیں۔یہ ڈیپارٹمنٹ آئی کام،بی کام،ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام اور ایم کام پروگرام پیش کر رہا ہے۔

## فیکلٹی ممبرز

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | پروفیسر ڈاکٹر رشیدا ے نعیم | پروفیسر/ڈین | 051-9057772 |
| (2) | ڈاکٹر سید محمد عامر شاہ | ایسوسی ایٹ پروفیسر/انچارج شعبہ | 051-9057154 |
| (3) | تنویر احمد | اسسٹنٹ پروفیسر | 051-9057441 |
| (4) | محمد منیر | لیکچرر | 051-9057221 |
| (5) | محمد منیر احمد | ریسرچ ایسوسی ایٹ | 051-9057162 |
| (6) | آسیہ بتول | ریسرچ ایسوسی ایٹ | 051-9057221 |

ایڈریس: شعبہ کامرس
بلاک نمبر 13
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،H-8 اسلام آباد

## ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (کامرس)

ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی مشاورت سے مرتب کیا گیا ہے تاکہ پیشہ ورانہ تربیت کی حامل افرادی قوت صنعتوں (انڈسٹری) کے لئے تیار کی جائے۔ایسوسی ایٹ ڈگری کی تکمیل کے بعد طلباء مختلف صنعتوں میں ملازمت حاصل کر سکیں گے اور مزید تعلیم کے لئے بی ایس (BS) پروگرام کے پانچویں سمسٹر یا ایم کام/ایم بی اے (M.Com/MBA) میں (یونیورسٹی قواعد کے مطابق) داخلہ حاصل کر سکیں گے۔ایسوسی ایٹ ڈگری دوسالہ بی اے کے مساوی پروگرام ہے

یہ ڈگری پیشہ ورانہ تربیت مہیا کرتی ہے جو کہ بی اے (جنرل گروپ) سے نسبتاً بہتر ہے۔اس ڈگری میں مندرجہ ذیل تخصیصات Specializations پیش کی جارہی ہیں:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | ہاسپٹل مینجمنٹ | (2) | ہوٹل مینجمنٹ |
| (3) | ٹورزم مینجمنٹ | (4) | بینکنگ اینڈ فنانس |
| (5) | اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس | (6) | ہیومن ریسورس مینجمنٹ |
| (7) | آئی ٹی مینجمنٹ | (8) | مارکیٹنگ مینجمنٹ |

* کسی ایک خاص تخصیص (Specialization) میں گروپ نہ بننے کی صورت میں شعبہ کامرس طلبہ کی تخصیص (Specialization) تبدیل کرنے کا مجاز ہوگا۔

## (1) ہاسپٹل مینجمنٹ

ہاسپٹل مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:

1- طلبہ کو ایسی تعلیم مہیا کرنا تا کہ وہ کمیونٹی ہیلتھ، دیکھ بھال، تحقیق اور مینجمنٹ کے حوالے سے آگاہی حاصل کرسکیں۔

2- صحت سے متعلق انتظامی اموراور دوسری خدمات کے بارے میں روشناس ہوسکیں۔

3- طلبہ میں ہسپتال کے کرداراور عملی امور کی انجام دہی سے متعلق سمجھ بوجھ پیدا ہو۔

4- طلبہ کو ہاسپٹل سے متعلق امور کی عملی مشق کرانا (جو کہ لازمی ہے) تا کہ وہ عملی طور پر خدمات کو حالات کے مطابق سرانجام دے سکیں۔

### متوقع ملازمت کے مواقع

ہاسپٹل مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ وہ ہسپتالوں میں بطور ایڈمنسٹریٹو اسسٹنٹ، سٹور کیپر یا اسسٹنٹ منیجر خدمات انجام دے سکیں۔ یہ لیب ٹیکنیشن اور سپروائزر کے لیے اضافی تعلیم ہوگی اس کے علاوہ طلبہ جاب مارکیٹ میں جنرل بی اے ڈگری ہولڈرز کے ساتھ بھی مقابلہ کرسکیں گے۔

## (2) ہوٹل مینجمنٹ

ہوٹل مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:۔

1- طلبہ میں خدمات فراہم کرنے والے ڈیپارٹمنٹس اور ہوٹل انڈسٹری کے متعلق آگاہی پیدا کرنا اور تعلیم مہیا کرنا تا کہ طلبہ مہمان نوازی کے عملی خدمات انجام دے سکیں۔

2- طلبہ کو اس قابل بنانا کہ وہ دور حاضر کے نظام اور اصولوں کو ہوٹل انڈسٹری کے انتظامی اور عملی معاملات میں استعمال کرسکیں۔

3- طلبہ میں کاروباری صلاحیتوں کو ابھارنا اور ان میں تخلیقی استعداد پیدا کرنا تا کہ وہ محدود پیمانے پر اپنا کاروبار شروع کرسکیں اور اس کا انتظام سنبھال سکیں۔

4- ہوٹل سے متعلق امور کی عملی مشق کرانا (جو کہ لازمی ہے) تا کہ وہ عملی طور پر خدمات کو حالات کے مطابق سرانجام دے سکیں۔

### متوقع ملازمت کے مواقع

ہوٹل مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ ہوٹل انڈسٹری میں فوڈ سروس، مہمان نوازی، اس کی منصوبہ بندی اور یونٹ آپریشنز کی مینجمنٹ کے قابل ہوسکیں۔اس کے علاوہ طلبہ جاب مارکیٹ میں جنرل بی اے ڈگری ہولڈرز کے ساتھ بھی مقابلہ کرسکیں گے۔

## (3) ٹورزم مینجمنٹ

ٹورزم مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:

1- مہمان نوازی کے امور میں آپریشنل محکموں سے متعلق روشناس ہوسکیں۔

2- طلبہ کو اس قابل بنانا کہ وہ سیاحت کی صنعت کے متعلقہ انتظامی اور آپریشنل مینجمنٹ کا نظام سمجھ کر اس کے اصول وقواعد کو بہتر طور پر لاگو کرسکیں۔

3- طلبہ میں کاروباری اور تخلیقی کاموں سے متعلق جذبہ ابھارنا تا کہ وہ محدود پیمانے پر اپنا کاروبار شروع کرسکیں اور انتظامی امور نبھا سکیں۔

4- طلبہ کو سیاحت سے متعلق امور کی عملی مشق کرانا (جو کہ لازمی ہے) تا کہ وہ عملی طور پر خدمات کو حالات کے مطابق سرانجام دے سکیں۔

## متوقع ملازمت کے مواقع

ہیومن ریسورس مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل طلبہ سرکاری،، نیم سرکاری اور نجی اداروں کے انتظامی امور اور ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ میں بطور اسسٹنٹ منیجر کام کرنے کے اہل ہو پائیں گے۔اس کے علاوہ وہ جاب مارکیٹ میں جنرل بی اے ڈگری ہولڈرز کے ساتھ بھی مقابلہ کرسکیں گے۔

## (7) آئی ٹی مینجمنٹ

انفارمیشن ٹیکنالوجی مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:

1- طلبہ میں تازہ ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی سسٹمز کے متعلق آگاہی پیدا کرنا اور ان کو یکجا کر کے ایک صحیح رخ میں ڈالنا۔

2- بین الاقوامی حالات کے مطابق ٹیلی کمیونی کیشن اور اعداد وشمار (Data) سے متعلق کمیونی کیشن کو استعمال میں لانا۔

3- مؤثر انتظام کے ذریعے ترقی پانے والے اداروں کی ضروریات کے مطابق انفارمیشن ٹیکنالوجی کو ترتیب دینا۔

4- کاروباری اور تخلیقی کاموں سے متعلق طلبہ میں جذبہ اُبھارنا تاکہ وہ محدود پیمانے پر اپنا کاروبار شروع کرسکیں اور انتظامی امور نبھاسکیں۔

## متوقع ملازمت کے مواقع

ایسوسی ایٹ ڈگری انفارمیشن ٹیکنالوجی مینجمنٹ کے حامل طلبہ اس قابل ہوں گے کہ وہ سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں میں کمپیوٹر لیب اسسٹنٹ، کمپیوٹر لیب ٹیکنیشن کے طور پر کام کرسکیں گے اور اس کے علاوہ جاب مارکیٹ میں بی اے جنرل کے ساتھ مقابلہ کرسکیں گے۔

## (8) مارکیٹنگ مینجمنٹ

مارکیٹنگ مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:

1- طلبہ کو مارکیٹنگ کے اصولوں سے روشناس کرواکے ان میں تنقیدی سوچ پیدا کرنا۔

2- صارفین پیدا کرنے اور مصنوعات کی پروڈیوسر سے صارفین تک ترسیل کے عمل سے طلبہ کو روشناس کرانا۔

3- طلبہ کو سیکھنے کے ایسے مواقع مہیا کرنا جن سے تعلیمی اور پیشہ ورانہ علم ومہارت اور رویوں میں اضافہ ہوسکے تاکہ وہ ملازمت کے حصول کے ساتھ ترقی بھی پاسکیں۔

4- چھوٹے پیمانے پر کاروبار شروع اور منظم کرنے کے لیے طلبہ میں انتظامی اور تخلیقی سوچ پیدا کرنا۔

5- طلبہ مصنوعات کے انتظام، قیمتوں کے تعین، ترقی، تقسیم، فروخت اور مارکیٹنگ کے دیگر ضروری تصورات میں مہارت حاصل کرسکیں۔

## متوقع ملازمت کے مواقع

مارکیٹنگ مینجمنٹ میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل طلبہ سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں میں بطور سیلز ریپریزنٹیٹو، اسسٹنٹ منیجر سیلز کام کرنے کے اہل ہوسکیں گے۔اس کے علاوہ وہ جاب مارکیٹ میں جنرل بی اے ڈگری ہولڈرز کے ساتھ بھی مقابلہ کرسکیں گے۔

**دورانیہ**

☆ ایسوسی ایٹ ڈگری دوسالہ پروگرام ہے جو کہ چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔

**شرائط داخلہ:**

☆ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام میں داخلہ کے لئے انٹرمیڈیٹ میں کم از کم سکینڈ ڈویژن (45% Marks) میں پاس ہونا ضروری ہے۔

☆ یونیورسٹی ہذا سے ہائر سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء وطالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقل ساتھ لف کریں۔(رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہیں ہوگا)۔

☆ غیر مسلم طلباء وطالبات کے لئے اسلامیات کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔مسلمان طلباء و

## (7) IT MANAGEMENT

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Data Base-I | 3410 | 4(3+1) |
| 3. | Data Communication | 3413 | 3 |
| 4. | Software Engineering | 3414 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

## (8) MARKETING MANAGEMENT

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Avertisement & Sales Promotion | 5435 | 3 |
| 3. | Marketing Management | 5434 | 3 |
| 4. | Marketing Research | 5433 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

## فیس:

| | |
|---|---|
| رجسٹریشن فیس | -/100 روپے (پہلی دفعہ داخلہ لینے کی صورت میں) |
| داخلہ فیس | -/500 روپے (پہلی دفعہ داخلہ لینے کی صورت میں) |
| داخلہ فارم پروسیسنگ فیس | -/40 روپے (ہر سمسٹر میں لازمی) |
| ٹیکنالوجی فیس | -/100 روپے (ہر سمسٹر میں لازمی) |
| کورس فیس | -/1650 روپے فی کورس |
| پراجیکٹ / انٹرن شپ فیس | -/3300 روپے (آخری سمسٹر میں ادا کرنی ہوگی) |

## (3) TOURISM MANAGEMENT

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Cultural Heritage of Pakistan | 5425 | 3 |
| 3. | Tourism Management | 5426 | 3 |
| 4. | Tour Guiding and Operations | 5427 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

## (4) BANKING & FINANCE

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Auditing | 5417 | 3 |
| 3. | Banking Law & Practice | 5420 | 3 |
| 4. | Islamic Banking | 5421 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

## (5) ACCOUNTING & FINANCE

| S.No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Auditing | 5417 | 3 |
| 3. | Financial Accounting | 5418 | 3 |
| 4. | Advance Accounting | 5419 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

## (6) HUMAN RESOURCE MANAGEMENT

| S.No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Human Resource Management | 5431 | 3 |
| 3. | Organizational Behaviour | 5432 | 3 |
| 4. | Social Policy & Strategy | 5423 | 3 |
| 5. | Internship/Project (3 Months) | 5440 | 6 |

